# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 04.01.2022

**موسم سرما کی بارشوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حیسکو انتظامیہ نے "رین ایمرجنسی" نافذ کر کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں۔ حیسکو ہیڈ کوارٹر کنٹرول روم" قائم کر دیا گیا۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو نے تمام آپریشن، GSC، GSO اور کنسٹرکشن کے افسران کو صارفین کی شکایات کو موقع پر حل کرنے کی سختی سے ہدایات دیں ہیں۔ حیسکو ترجمان انسانی جان بہت قیمتی ہے، اس لیئے جان کی حفاظت ضروری ہے، عوام موسم سرما کی بارشوں میں بجلی کے پولوں، تاروں و دیگر تنصیبات سے دور رہیں۔ حیسکو چیف نور احمد سومرو**

☆ حیدرآباد (          ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو انتظامیہ کی جانب سے محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ الرٹ کے مطابق 7 جنوری 2022ء تک موسم سرما کی برسات کے سلسلے کو مدنظر رکھتے ہوئے حیسکو میں رین ایمرجنسی نافذ کر کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں اور حیسکو ہیڈ کوارٹر میں بجلی صارفین کی شکایات کو سننے اور اس کے فوری حل کیلئے حیسکو چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو کو فوکل پرسن تعینات کر کے ان کی سربراھی میں " کنٹرول روم " قائم کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد نے رین ایمرجنسی کے مدنظر تمام آپریشن اور GSC، GSO کے ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں، اور انہیں سختی سے ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ فرائض میں کسی بھی قسم کی کوتاھی برداشت نہیں کی جائے گی، اسکول و ہسپتال کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں، صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں کیونکہ ہمیں صارفین کی کیئر کرنی ہے، اور صارف ہمارے محافظ ہیں، ان کی شکایات کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے، اور صارفین سے اپیل کی ہے کہ بجلی کے بندش کے دوران حیسکو عملے سے تعاون کریں تاکہ فنی خرابی کو جلد از جلد دور کر کے بجلی کی بحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انسانی جان بہت قیمتی ہے، اس لیئے جان کی حفاظت ضروری ہے، عوام موسم سرما کی بارشوں میں بجلی کے پولوں، تاروں، سوئچ بورڈ و دیگر تنصیبات سے گیلے ہونے کی صورت میں دور رہیں۔ بجلی کی بہتر فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حیسکو کا ساتھ دیں اور اپنے ذمے حیسکو کے واجب الادا رقوم بھی جمع کرائیں تاکہ آپ کا بجلی کا کنکشن بغیر کسی انقطاع کے چلتا رہے اور آپ کا گھر روشن رہے، جس کیلئے ہمارا ساتھ دیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔ مورخہ 04.01.2022